اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کا اخلاق قرآن تھا

سعد بن ہشام بن عامر جب عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے، تو کہا : اے ام المؤمنین! مجھے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کے اخلاق کے بارے میں بتائیے، تو انہوں نے کہا : کیا تم قرآن نہیں پڑھتے؟ میں نے کہا : پڑھتا تو ہوں فرمایا : اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کا اخلاق قرآن تھا

[صحيح] [رواه مسلم في جملة حديثٍ طويلٍ]

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کے اخلاق کے بارے میں پوچھا گیا، تو انہوں نے نہایت ہی جامع الفاظ میں جواب دیا انہوں نے سوال کرنے والے کو قرآن کا حوالہ دیا، جو ہر اعتبار سے ایک مکمل کتاب ہے انہوں نے بتایا کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے اخلاق قرآن کا چلتا پھرتا نمونہ تھے جن چیزوں کا قرآن نے حکم دیا ان پر عمل کرتے اور جن چیزوں سے قرآن نے روکا ان سے دور رہتے تھے اس طرح آپ کے اخلاق کی جو تصویر بنتی ہے، وہ ہے قرآن پر عمل کرنا، اس کے بیان کردہ حدود کے دائرہ میں رہنا اور اس کی پیش کردہ مثالوں اور قصوں سے نصیحت حاصل کرنا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/8265